Urdu

آپ یہاں رہتے ہیں
یہاں ہی اپنا ووٹ ڈالیں

اب ۱۴ مارچ ۲۰۲۱ کے روزایک بار پھر وہ وقت آ رہا ہے کہ آپ جرمنی کے صوبہ ہیسن میں اپنی بلدیہ میں غیر ملکی باشندوں کی نمائیندگی کرنے والی غیر ملکی مشاورتی کونسل کے نمائیندوں کا انتخاب کر سکتے ہیں
آپ اپنے ووٹ کے ذریعہ سے اس کونسل کی تشکیل نو اور اس کونسل کی مستقبل میں کامیابی کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔لہذا آپ

۱۴ مارچ ۲۰۲۱

والے دن اپنی بلدیہ کے غیر ملکی مشاورتی کونسل کے نمائیندوں کا انتخاب کرنے کے لیئے ووٹ ڈالنے جائیں۔ جرمنی کے صوبہ ہیسن کےرہایشی اپنی اپنی شہری بلدیہ میں غیر ملکی باشندوں کی مشاورتی کونسل جسے

Auslanderbeirat

کہتےہیں کےنماییندگان کا انتخاب کر سکتے ہیں۔غیر ملکی مشاورتی کونسل غیر ملکیوں کے مفادات کے لیئے گذشتہ کئی سالوں سے کام کر رہے ہیں۔ اب بھی یہ سلسلہ جاری رہنا چاہیئے اس لیئے آپ اس روز ضرور اپنا ووٹ ڈالنے کے لیئے جائیں۔آپ کے ووٹ کے ذریعہ سےغیر ملکی مشاورتی کونسل کے مفید کام کوآئیندہ سالوں میں بھی کامیابی کے ساتھ جاری رکھا جا سکتا ہے لہٰذا **۱۴ مارچ ۲۰۲۱** کا روز آپ کے لیئے بطور ایک غیر ملکی باشندہ کے ایک اہم دن ہے۔یہ ووٹ ڈالنے کا دن آپ کے مفادات سے تعلق رکھتا ہے۔

جن غیر ملکی باشندوں کے پاس جرمن پاسپورٹ یا شہریت نہیں ہے وہ بھی اس ووٹ کے ذریعہ سے اپنی مقامی سیاست میں حصہ لے سکتے ہیں

یعنی غیر ملکیوں کی مشارتی کونسل
Der Auslaenderbeirat

یہ کونسل مقامی سطح کی بلدیہ کی سیاست میں غیر ملکیوں کے مفادات کے لیئے کام کرتی ہے۔یہ کونسل مقامی سطح کی سیاست میں مقامی فیصلوں میں شامل ہوتی ہے۔ یہ کونسل مقامی سطح کی سیاست میں اپنی سفارشات اور آرا پیش کرتی ہے۔ یہ کونسل

Integration

کے ذریعہ (یعنی معاشرے ک مفید وجود بننے کے لیے مقامی سطح کی سیاست میں غیر ملکی باشندوں کے لیے غیر ملکیوں کی وکالت یا نمائیندگی کرتی ہے۔یعنی غیر ملکیوں کوجرمن معاشرے کا مفید وجود بنانے کے معاملات میں مدد گار ثابت ہوتی ہے۔

Ausländer-Beiratswahl
14. März 2021

یہ کونسل مقامی سطح کی سیاست میں غیر ملکی باشندوں کے خلاف امتیازی سلوک کرنے کی مخالفت میں پالیسی بناتی ہے۔

یہ کونسل مقامی جرمن معاشرے میں دوسرے لوگوں کو برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کرتی ہے۔ یہ کونسل مقامی سطح پرغیر ملکیوں کے خلاف نسلی بنیاد پر نفرت اور تشدد کو پھیلنے سے روکتی ہے۔

غیر ملکی مشاورتی کونسل مہاجرین، مقامی تنظیموں،شہر کی بلدیہ کی انتظامیہ اور مقامی سطح کی سیاست کے درمیان ایک پُل کا کردار ادا کرتی ہے۔

یہ کونسل مشورہ اور راہنمائی کی متلاشی غیر ملکی باشندوں کو مناسب مشورہ دیتی ہے۔یہ کونسل غیر ملکیوں کی مفید تنظیموں کومزید فعال بنانے اور ترقی کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔یہ کونسل تعلیم اور سکول کے بارہ میں سوالات اٹھاتی ہے۔

لہٰزا بہت ساری مفید باتوں کے پیش نظر آپ ۱۴ مارچ ۲۰۲۱ کے روز غیر ملکی مشاورتی کونسل کے انتخاب کے موقع پر اپنا ووٹ ڈالنے کے لیئے جائیں۔

ووٹ ڈالنے کا طریق..........ووٹ ڈالنا بہت آسان ہے۔

اگر آپ جرمنی میں ایک غیر ملکی باشندے کی حیثیت سے رہتے ہیں (خواہ آپ یورپین یونین کے ممالک میں سے کسی ملک کے باشندے ہیں یا بے شناخت غیر ملکی ہیں) تو آپ اس روز اپنا ووٹ ڈالنے جا سکتے ہیں۔آپ کی عمر ۱۸ سال ہونی ضروری ہے۔آپ کم از کم گزشتہ چھ ہفتہ سےاپنی اس بلدیہ میں اپنی رجسٹریشن کروا چکے ہوں۔۱۴ مارچ ۲۰۲۱ انتخاب کے دن کے روز سے چند ہفتے پہلے آپ کو مقامی بلدیہ کی طرف سےایک خط یا کارڈ ملے گا۔اس کارڈ پر معلومات لکھی ہونگی کہ آپ کس جگہہ اور کس پولنگ سٹیشن پر جا کر اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔آپ اس کارڈ پر درج پتہ کے مطابق اپنے متعلقہ پولنگ سٹیشن پر جا کر ۱۴ مارچ ۲۰۲۱والے دن صبح ۸ بجے سے لے کر شام 6 بجے تک اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

غیر ملکی مشاورتی کونسل کے امیدواروں کے ناموں کا پتہ آپ کو اپنے علاقہ کی غیر ملکی کونسل سے معلوم ہو سکتا ہے۔آپ کو اس بارے میں معلوماتی پمفلٹ بھی مہیا کیا جا سکتا ہے۔انٹرنیٹ میں بھی یہ نام موجود ہونگے۔پولنگ اسٹیشن والے پتہ کے معلوماتی خط میں بھی یہ امیدواروں کی لسٹ نمونہ کے طور پرآپ کو ساتھ بھجوائی جائے گی۔آپ اس کونسل کے انتخاب کے متعلق انٹرنیٹ میں جا کراس پتہ پر اپنی مادری ذبان میں بھی یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
www.auslaenderbeiratwahl.de

۱۴ مارچ ۲۰۲۱ کو آپ خود بھی ووٹ ڈالنے جائیں اور اپنے جاننے والےغیر ملکی باشندوں کو بھی اس انتخاب کے متعلق آگاہ کریں۔

معلومات ہاٹ لائین
Info.Hotline: 0611.9899 5.15
www.auslaenderbeiratswahl.de